لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ شوال سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۴ جون سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	انتظام صیغہ سکندوشی میرمنشی و نائب میرمنشی بتعلقات میجر امتیاز علیخان	۱
۲	انتظام میرمنشی خانہ و مدارس دیہات سوار متعلقہ تا نفاذ	۲
۳	رخصت سبحان خان گرداور	"
۴	رخصت صاحبزادہ سید شرافت یار خان صاحب بہادر	"

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲ جون سنہ ۱۹۲۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

۱۔ منشی گوپی ناتھ میرمنشی و سررشتہ دار صدر خدمات متعلقہ سے سکندوش کئے جاتے ہین۔ اور بجائے مشارالیہ لفٹنٹ عطاء الرحمن میرمنشی و سررشتہ دار صدر مقرر کئے جاتے ہین۔ منشی تربھون ناتھ پسر منشی گوپی ناتھ کو جگہ تحصیلداری خالی ہو دیجائے

۱- منشی واحد علی نائب میر منشی اجلاس خدمات متعلقہ سے سبکدوش کئے جاتے ہیں۔ چالیس روپیہ جو پنشن انکی لڑکے کے نام منتقل ہو چکی ہے۔ وہ بدستور اُس لڑکے کو ملا کرے اور بجائے منشی واحد علی منشی شفیع احمد نائب میر منشی مقرر کئے جاتے ہیں۔

۳- عہدہ و عملہ ناظم تخفیف کیا جاتا ہے۔ نظامت کا کام صاحب ریونیو سکریٹری اپنے اسسٹنٹ اور حاکم صاحب صدر میں تقسیم کردیں۔

۴- میجر امتیاز علی خان کمانڈنگ افیسر فرسٹ بٹالین اسٹاف میں تبدیل ہو کر اے۔ ڈی۔ سی۔ مقرر کئے جاتے ہیں۔

۵- کپتان سید محمود شاہ کمانڈنگ افیسر فرسٹ بٹالین رامپور انفنٹری مقرر کئے جاتے ہیں۔ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

مشمولہ رپورٹ آمدہ تحصیلدار صاحبان تحصیل ٹانڈہ و سوار بابت منتقل ہونے تعدادی سینتیس ۳۷ مواضعات تحصیل سوار سے تحصیل ٹانڈہ میں بصدور حکم اجلاس ہمایوں بابت صدور حکم کے ہونے کارروائی آیندہ مویشی خانہ جات و مدارس واقع مواضعات منتقل شدہ کی بہ تحصیل سوار کے تحصیل ٹانڈہ سے مع فہرست مواضعات۔

یہ کاغذات پیش ہو کر۔ ملاحظہ ہوئے تحصیلدار صاحب ٹانڈہ مستدعی ہیں کہ جو دیہات تحصیل سوار کے تحصیل ٹانڈہ میں منتقل ہوئے ہیں اُنہیں مویشی خانہ جات و مدارس بھی ہیں آیندہ ملازمان مویشی خانہ جات و مدارس مذکورہ کی تنخواہ وغیرہ کا عملہ آمد تحصیل ٹانڈہ میں ہوگا یا سوار میں۔ اطلبہ مویشی خانہ جات نے رپورٹ میں تحریر کیا ہے کہ موضع اکبرآباد میں مویشی خانہ قایم ہے اور کسی موضع میں منجملہ دیہات منتقلہ مندرجہ فہرست کے مویشی خانہ قائم نہیں ہے۔ اور انسپکٹر صاحب مدارس تحریر کرتے ہیں کہ مواضعات اکبرآباد و سیرکا میں مدارس قائم ہیں اور کسی موضع میں منجملہ دیہات مندرجہ فہرست منتقل شدہ کے مدرسہ قائم نہیں ہے۔

اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یکم جون سنہ حال سے کارروائی نسبت آمدنی و نیلام مویشیان و داخلہ جات ماہواری و آمد و شد کاغذات متعلقہ مویشی خانہ اکبرآباد و تیاری قبض الوصول و برآورد تنخواہ ملازمان مویشی خانہ مذکورہ تحصیل ٹانڈہ میں ہوا کرے و تیاری قبض الوصول و برآورد تنخواہ ملازمان مدارس وغیرہ بھی موضع اکبرآباد و سیرکا و آمد کاغذ متعلقہ مدارس مذکورہ تحصیل ٹانڈہ میں ہی ہوا کرے۔

لہذا حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل اس حکم کی فائل کب اجلاس میں چسپاں کیجائے۔ اور ایک نقل حکم ہذا برائے گزٹ ہو۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

خبر تحریر صاحب مہتمم بندوبست در بارہ منظوری رخصت سہ ماہ سبحان خان گرداور قانونگوئے تحصیل شاہ آباد مورخہ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء مع صراحت انتظام کام

کاغذات ملاحظہ ہوئے صاحب مہتمم بندوبست کی تحریرہ مئی سنہ ۱۹۲۳ء و ریکارڈ ۹ مئی سنہ ۱۹۲۳ء مفصل کیفیت لکھا ہے۔ تاہم صاحب مہتمم بندوبست نے رپورٹ ۱۴ مئی سنہ ۱۹۲۳ء میں شادی لال پٹواری کو باوجود عارضہ لاحقہ کام گرداوری کے لئے حسب رپورٹ سابقہ خود پیش کیا ہے لہذا صاحب مہتمم بندوبست اوسکی اتمام و انجام دہی کام کی بحیثیت فرض منصبی ذمہ دار ہیں۔ لہٰذا حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست تین مہینہ کی رخصت سبحان خان گرداور کی منظور ہے۔ حسب سفارش صاحب موصوف سبحان خان پابندہ (۲۲ع) ماہانہ کی تنخواہ سے پانچ روپیہ شادی لال پٹواری کو بطور الاونس کام گرداوری اور چند روپیہ اوس پٹواری کو جو قائم مقام شادی لال کیا جائے دلائے جائیں۔ بقیہ دس روپیہ کی بابت صاحب مہتمم بندوبست معلوم کرکے لکھیں کہ گرداور مستحق ہیں یا نہیں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

حسب منظوری حکم بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم صاحبزادہ سید شرافت یار خان صاحب بہادر کی رخصت یکماہ ۵ مئی سنہ ۱۹۲۳ء سے بوجہ علالت والدہ خود منظور کی گئی۔

مطبوعہ ۱۱ر جون ۱۹۲۳ء

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۴ لغایتہ ۱۰ر جون سنہ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		[illegible] ثار		[illegible] ثار		۸۰ ثار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		۱۴ ثار		۱۴ ثار		۱۴ ثار	
نخود کسر آمیز		۱۵۰ ثار		۱۷ ثار		۱۵۰ ثار	
کستہ		۱۶ ثار		۱۸ ثار		۱۶۰ ثار	
ماش		[illegible] ثار		۰		۸ ثار	
مونگ		۰		۰		۸ ثار	
مکا		۰				۰	
جئی		۱۶ ثار		۲۲۰ ثار		۱۸ ثار	
گوجئی		۱۲ ثار		۱۲ ثار		۱۲ ثار	
عدس		۱۱ ثار		۱۶ ثار		۱۳ ثار	
ارہر		۱۵ ثار		۰		۱۶ ثار	
برنج		۳ ثار		۴۰ ثار		[illegible] ثار	
روغن زرد		[illegible] ثار				[illegible] ثار	
روغن سیاہ		[illegible] ثار		[illegible] ثار		[illegible] ثار	
روغن کنجد		۱ ثار		[illegible] ثار		۱ ثار	
نمک سانبھر		[illegible] ثار		۶۰ ثار		۷ ثار	
نمک لاہوری		۶ ثار		۵ ثار		۷ ثار	
قند سیاہ		۳ ثار		۳۰ ثار		۵ ثار	
باجرہ		۰		۰		۰	